نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کے زیراہتمام منعقدہ دوروزہ بین الاقوامی "پاکستان ہارٹی ایکسپو2023" سے ہماری زرعی برآمدات میں اضافہ ہوگا۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور13 جنوری2023: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ محکمہ زراعت کے زیرِ اہتمام دو روزہ بین الاقوامی "پاکستان ہارٹی ایکسپو2023" کا انعقاد کیا جا رہا ہے جس میں پاکستانی پھلوں ،سبزیوں اوران سے بنی مصنوعات کوبین الاقوامی سطح پراجاگرکیاجائے گا۔اس دوروزہ **پاکستان ہارٹی ایکسپو2023** کے لئے **28**اور**29 جنوری** کوسٹالزایکسپوسنٹر جوہرٹاؤن لاہورمیں لگائے جائیں گے۔امسال اس نمائش میں 100 سے زائدسٹالزلگائے جائیں گے اور تاجکستان،ازبکستان، بیلا روس ،قازقستان،سعودی عرب ،دوبئی،قطر،بحرین،سری لنکا،انڈونیشیا، ملائیشیا اورترکی سے ماہرین،ایکسپوٹرزودیگراسٹیک ہولڈرزشرکت کریں گے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا کہ اس نمائش سے قبل محکمہ زراعت ایسی آٹھ نمائشوں کا انعقاد کرچکاہے جس میں مجموعی طور پر20 مما لک سے 150 سے زائدوفودنے شرکت کی۔ان نمائشوں کے انعقاد سے پاکستانی برآمدات میں مجموعی طور پر20 ملین ڈالرزکا اضافہ ہوا تھا۔ پاکستان ہارٹی ایکسپو2023 کےانعقادسےزرعی شعبہ سےوابستہ لوگوں کوایک ایسا پلیٹ فارم مہیا کیا جار ہاہے جو پاکستانی مصنوعات کوپوری دنیامیں متعارف کروانے کاذریعہ بنے گااور ہماری زرعی برآمدات میں اضافہ ہوگا۔

☆☆☆☆